© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

محمد ادریس سلفی

## اساس الصرف

مولف :۔ مولانا علامہ محمد بشیر (ایم اے) حفظہ اللہ تعالی

مدیر:۔ معھد اللغۃ العربیہ اسلام آباد

صفحات 142' کاغذ سفید' کتابت کمپیوٹرائزڈ

عربی لغت پر مصنف کا ادراک علمی حلقوں سے قطعا مخفی نہیں ہے۔ اکثر بیشتر علامہ صاحب کی تصحیح الاغلاط نظر سے گزرتی رہتی ہے۔ حکومتی پاسپورٹ ہو یا نصاب تعلیم ہر جگہ "مستند" طبقہ کی زبان دانی کے راز افشاں کرتے ہیں اور بقول حضرت علی کرم اللہ وجھہ:

اعرف الحق تصرف اھلہ۔

زیر نظر کتاب آپ کے علمی تبحر کا ثبوت ہے۔

علم الصرف عربی زبان دانی کے لئے جتنا اہم ہے اتنا ہی ناپید۔ اکثر اہل زبان خود اس کے مبادیات سے استغناء کی حد تک نابلد ہیں۔

یہ فن اتنا غیر اہم تھا اور نہ ہی پیچیدہ جتنا اسے کر دیا گیا بلکہ سمجھ لیا گیا۔ علم النحو کی بنسبت آسان اور محدود ہے جبکہ اس کی ابتدائی کتب طالب علم کے سامنے ایک بھیانک سی صورت کی بنا پر عدم توجہ اور کراہت کا موجب بن جاتی ہیں۔

اکثر مصنفین حضرات چاہتے ہیں کہ طالب علم ابتداء ہی میں اس کے تمام قواعد و ضوابط حفظ کر لے جبکہ نتیجہ اس کے برعکس ہو جاتا ہے۔

جبکہ زیر تبصرہ کتاب عام فہم اور روانی سے مرصع ہے۔ عربی مدارس کی نصابی تعلیم کے بغیر فن صرف سے واقفیت کے ناممکن ہو تو بڑی حد تک ممکن بنا دیا گیا ہے بلکہ مدارس عربیہ کے طلباء بھی اس کتاب کو مطالعہ میں رکھ کر استفادہ کر سکتے ہیں۔ علامہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



صاحب نے بلا مبالغہ اس فن کو ایک خوبصورت انداز اور جامعہ حسنہ میں پیش کر کے "بنت عدنان" کو آراستہ کرنے کی حتی المقدور سعی فرمائی ہے۔ جبکہ اس کے کاغذ' لکھوائی اور طباعت کی عمدگی میں بھی حسب روایت بخل سے کام نہیں لیا۔

علم الصرف ایک مستقل فن ہونے کی صورت کے لحاظ سے اس کتاب کے ساتھ ہی اس نہج پر جز ثانی کا تقاضا کرتا جس میں اس کے قواعد' تعلیلات اور بہت سے تشنہ موضوع ایسی ہی شستگی و روانگی سے بیان ہو جائیں اور طالب علم صرف کی دوسری کتب سے ایک حد تک مستغنی ہو۔

اللہ تعالی سے دست بدعا ہوں کہ علامہ صاحب کے علم و عمل اور زیست میں برکت فرمائے۔

---

## آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن ایپکا یونٹ انفارمیشن کا تعزیتی اجلاس

ایپکا یونٹ انفارمیشن کے مختلف اجلاسوں میں مولانا محمد سلیمان انصاری' مدیر الاعتصام' ڈپٹی ڈائریکٹر انفارمیشن عبدالغفور کوثر کی والدہ محترمہ اور ڈاکٹر محمد مسعود صاحب مومن آباد والے کی اہلیہ محترمہ' سپرنٹنڈنٹ دفتر ہذا چوہدری محمد یونس کے والد محترم کی وفیات پر مرحومین کیلئے دعاء مغفرت کی گئی اور کہا کہ اللہ تعالی پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

دعاگو

عبدالحنان انور ممبر انفارمیشن ایپکا

ایوب ریسرچ فیصل آباد

© rasailojaraid.com